Pg No-4

Pg No-1

# NEW ERA PUBLIC SCHOOL

## SRINAGAR SESSION "2021"

## Solved Assignment-of-Term "II"

جماعت :- چوتھی

"پرچہ :- "اُردو

سبق نمبر :- ۱۴

عنوان :- "حکیم عبدالحمید"

س ۱ ← الفاظ معنی (صفحہ نمبر - 115)

س ۲ سوالات کے مختصر جوابات :-

۱۔ حکیم عبدالحمید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج حکیم عبدالحمید ۱۹۰۸ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

۲۔ انہوں نے اپنے دواخانے کا نام کیا رکھا تھا؟

ج انہوں نے اپنے دواخانے کا نام ہمدرد دواخانہ رکھا تھا۔

۳۔ حکیم صاحب کو حکیم حاذق کیوں کہتے تھے؟

ج حکیم صاحب کو حکیم حاذق اسلئے کہتے ہیں کیوں کہ آپ کے ہاتھ میں ایسی شفا تھی کہ آپ حکیم حاذق کے نام سے مشہور ہوئے

۴۔ آپ نے جامعہ ہمدرد کیوں قائم کیا؟

ج آپ مسلمانوں کی سماجی اور تعلیمی پسماندگی دور کرنے

کی فکر میں لگے رہے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے آپ
نے جامعہ ہمدرد کی بنیاد ڈالی۔

۵ آپ نے غالب اکاڈیمی کہاں اور کیوں قائم کی؟

ج یونیورسٹی کامیاب بنانے کے لیے "ہمدرد اسٹڈی سرکل" بھی قائم کیا اور بستی حضرت نظام الدین اولیاء میں غالب اکاڈیمی بھی قائم کی۔

۶۔ آپ کیسی زندگی گزارتے تھے؟

ج آپ نہایت ہی سادہ طبیعت کے مالک تھے اور بہت ہی معمولی طریقے سے زندگی گزارتے تھے۔

۷۔ حکومت ہند نے آپ کو کن اعزازات سے نوازا؟

ج حکومت ہند نے "پدم شری" اور "پدم بھوشن" جیسے اعزازات سے نوازا۔

۸۔ آپ کا انتقال کب ہوا اور آپ کہاں دفن کیے گئے؟

ج آپ کا انتقال ۹۱ سال کی عمر میں ۱۹۹۹ء کو ہوا اور انھیں ان کی قائم کردہ یونیورسٹی "جامعہ ہمدرد" میں سپرد خاک کیا گیا۔

Scanned with CamScanner

Pg No-3

س ۳ خالی جگہوں کے جوابات۔ (صفحہ نمبر۔ 116)

۱۔ شامل ۲۔ دلی ۳۔ تیرہ ۴۔ موجود ۵۔ صفت

س ۴ الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنے کے جوابات (صفحہ نمبر۔117)

۱۔ مہارت:- حکیم صاحب کو اپنے پیشہ میں بہت مہارت حاصل تھی۔

۲۔ دواخانہ:- دواخانہ میں دوا ملتی ہے۔

۳ عمدہ:- یہ گھڑی بہت ہی عمدہ ہے۔

۴ امتیاز:- حکیم صاحب امیر و غریب کے امتیاز کے بالکل خلاف تھے۔

۵ سپرد خاک کرنا:- حکیم صاحب کو جامعہ ہمدرد میں سپردِ خاک کیا گیا۔

س ۵ کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملانے کے جوابات (صفحہ نمبر۔117)

| | "کالم الف" | "کالم ب" |
|---|---|---|
| ۱۔ | حکیم عبدالحمید | دلی میں پیدا ہوئے۔ |
| ۲۔ | آپ کے والد کا نام | حکیم عبدالمجید تھا۔ |
| ۳۔ | آپ نے ہمدرد دوا خانے | کو بہت ترقی دی۔ |
| ۴ | انھوں نے اس شفا خانے میں | دوا سازی کی ابتدا بھی کی۔ |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ۵ | آپ غریب بیماروں کو مفت | دوائیاں دیتی تھی |

س ۵ سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگانے کے جوابات (صفحہ نمبر-117)

۱- دلی میں (۲) ہمدرد دواخانہ ۳- جامعہ ہمدرد یونیورسٹی کے احاطے میں

## عنوان :- "مدر ٹریسا"

### سبق نمبر :- ۱۵

س ۱ الفاظ معنی - (صفحہ نمبر- 124)

س ۲ سوالات کے مختصر جوابات :-

۱ مدر ٹریسا کا اصلی نام کیا تھا اور آپ کب اور کہاں پیدا ہوئی ؟

ج مدر ٹریسا کا اصلی نام اگن تھا- آپ کی پیدائش یوگو سلاویہ میں ۱۹۱۰ء میں ہوئی -

۲- مدر ٹریسا مجبور اور بے کس انسانوں کے ساتھ کیا سلوک کرتی تھی ؟

ج مدر ٹریسا مجبور اور بے کس انسانوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتی

Page no. 5

تھی۔

۳۔ پولیس آفسر کے ہمراہ لوگوں نے مدر ٹریسا کے ادارے میں کیا دیکھا؟

ج پولیس آفسر کے ہمراہ لوگوں نے مدر ٹریسا ادارے میں یہ دیکھا آپ زخموں سے چور ایک مریض کی مرہم پٹی کر رہی تھی۔ چنانچہ وہ لوگ آپ کی بے لوث خدمت کو دیکھ کر شرمندہ ہو گئے۔

۴۔ غنڈوں نے مدر ٹریسا کو دھمکانے کی کوشش کی تو مدر ٹریسا نے انہیں کیا جواب دیا؟

ج "اگر آپ لوگوں کو میری جان لینے سے خوشی ملتی ہے تو بے شک مجھے مار دیں لیکن جب تک میں زندہ ہوں میں انسانوں کی خدمت کرتی رہوں گی۔"

س ۳۔ خالی جگہوں کے جوابات:- (صفحہ نمبر 125-126)

۱۔ اگن ۲۔ "نوبیل پرائز" ۳۔ سہارا ۴۔ آپا ۵۔ محنر ۶۔ رہیے۔

س ۴ سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگانے کے جوابات (صفحہ نمبر 125)

Scanned with CamScanner

Page No - 6

ج ۱۔ اگن تھا ۲۔ نوبیل پرائز ۳۔ مخالفتوں کا۔

## عنوان :۔ جیسے کو تیسا

### سبق نمبر :۔ ۱۶

س ۱۔ الفاظ معنی (صفحہ نمبر۔ 133)

س ۲۔ سوالات کے مختصر جوابات :۔

۱۔ جنگل کا بادشاہ کسے کہتے ہیں؟

ج جنگل کا بادشاہ شیر کو کہتے ہیں۔

۲۔ جنگل کے سارے جانور اس کے پاس کیوں آتے تھے؟

ج جنگل کے سارے جانور اس کے پاس اسلئے آتے تھے کیونکہ شیر بیمار تھا۔

۳۔ بھیڑیا نے لومڑی کی شیر کے سامنے کیا شکایت کی؟

ج بھیڑیا نے لومڑی کی شیر کے سامنے یہ شکایت کی کہ لومڑی آپ کے بیمار پڑنے سے دُکھی نہیں ہوئی بلکہ وہ بہت خوش ہے۔

۴۔ لومڑی نے بھیڑیا کے سامنے شیر سے کیا کہا؟

ج۔ لومڑی نے کہا "بادشاہ سلامت مجھے آپ کے بیمار ہونے کی خبر بہت پہلے ہی مل گئی تھی لیکن میں دوسرے جانوروں کی طرح آپ کے پاس اگر خالی افسوس ظاہر نہیں کرنا چاہتی تھی۔

۵۔ لومڑی نے شیر کی بیماری کا علاج کیا کہا؟

ج۔ لومڑی نے کہا "حضور! ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ بس ایک بھیڑئے کو مار کر اس کی کھال اپنے بدن پر لپیٹ لیں اور آپ ٹھیک ہو جائیں گے"۔

۶۔ اپنا علاج کرنے کے لیئے شیر نے کیا حکم دیا؟

ج۔ اپنا علاج کرنے کے لیے شیر نے یہ حکم دیا کہ بھیڑیئے کو لاؤ اور اسے مار کر اس کی کھال اتارو۔

۷ شیر کا حکم سن کر بھیڑیا نے کیا کیا؟

ج شیر کا حکم سن کر بھیڑیا سرپٹ بھاگا، مڑکر بھی پیچھے نظر نہ کی۔

۸۔ جب دوسرے جانوروں نے بھیڑیا کو بھاگتے دیکھا تو انہوں نے کیا کیا؟

ج۔ جب دوسرے جانوروں نے بھیڑیا کو بھاگتے دیکھا تو سارے جانور "پکڑو پکڑو" کہتے ہوئے اس کے پیچھے دوڑے۔

۹۔ "ہاہاہا" کرتے ہوئے کون سا جانور شیر کے پاس سے چلا گیا؟

ج۔ "ہاہاہا" کرتے ہوئے لومڑی شیر کے پاس چلی گئی۔

س۳۔ کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملانے کے جوابات (صفحہ نمبر 135)۔

| | "کالم الف" | "کالم ب" |
|---|---|---|
| ۱۔ | تندرست | بیمار |
| ۲۔ | ایمان دار | بے ایمان |
| ۳۔ | چالاک | بے وقوف |
| ۴۔ | چُستی | سُستی |
| ۵ | شور | خاموشی۔ |

PDNo-2
PDNo-9

| | |
|---|---|
| س ۴ | سوالات کے صحیح جواب پر ٹک لگانے کے جوابات (صفحہ نمبر 135) |
| ج ۱. | شیر ۲. بھیڑیا اور لومڑی ۳. شیر نے |

"گرامر"

سوال ۱ "مضمون" "سکول کا پہلا دن"

میں تین سال کا تھا۔ ایک دن ابّو جان نے مجھے نہلا کر نئے کپڑے پہنائے۔ کچھ کھا پی کر انہوں نے مجھے گاؤں کے سکول میں لے گیا۔ ابّو جان نے مجھے پرنسپل صاحب کے پاس لیا۔ دونوں میں کچھ باتیں ہوئیں۔ پرنسپل صاحب نے مجھ سے اپنا نام اور ابّو جان کا نام پوچھا۔ میرا جواب سُن کر وہ بہت خوش ہوئے اور کہاں "بیٹے اب تم سکول کے بچے ہو۔ اس کے بعد چپراسی سے کہا کہ اس بچے کو نرسری کلاس کے بچوں کے ساتھ بٹھاؤ۔ میرا ڈر دور ہو گیا اور روزانہ سکول آنے کا شوق پیدا ہوا۔

سوال ۲ اپنے دوست کے نام امتحان میں پاس ہونے پر مبارک باد کا ایک خط لکھیے۔

سرینگر، کشمیر

تاریخ......

پیارے ا، ب، ج

یہ سُن کر مجھے بہت خوشی ہوئی کہ تم چوتھی جماعت میں پاس ہوئے اور اس کامیابی پر میں تمہیں مبارک باد دیتا ہوں۔ اب فوراً پانچویں جماعت میں اپنا نام داخل کرلو میری طرف سے اپنے ممی ڈیڈی کو مبارکباد دینا۔ تعلیم کو جاری رکھنا اور سخت محنت کرتے رہنا۔ میں چند دنوں تک وہاں آجاؤں گا۔ خدا تمہیں سلامت رکھے۔

تمہارا دوست

ا۔ ب۔ ج

Scanned with CamScanner

سبق نمبر:- "7"

عنوان:- متضادات

بہادر سے لیکر چالاک تک (صفحہ نمبر- 63)

سبق نمبر:- "8"

عنوان:- مترادفات

اقل سے لیکر سُم تک (صفحہ نمبر- 66)

سبق نمبر:- "9"

عنوان:- محاورات

آٹے میں نمک کے برابر سے لیکر اپنا میاں مٹھو تک

(صفحہ نمبر- 68)

سبق نمبر:- 10

عنوان:- "نادیدہ عبارت"

نادیدہ عبارت اس عبارت کو کہتے ہیں جو انسان نے اچانک پہلی بار دیکھی ہوا اور جس کے متعلق وہ پہلے سے ناواقف ہو۔